پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب کی وزیر اعظم پاکستان انوار الحق کاکڑ اور وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی سے اہم ملاقات ۔ اس موقع پر لاہور چیمبر سیالکوٹ چیمبر، فیصل آباد چیمبر اولپنڈی چیمبر اور ملتان چیمبر کے صدور کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی ۔ وزیر اعظم پاکستان انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ اس بات سے انکار نہیں کیا سکتا کہ گوجرانوالہ شہر کا ملکی اکانومی میں بہت بڑا حصہ ہے ۔ گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب بزنس کمیونٹی کی بہترین ترجمانی کر رہے ہیں نیز بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر بزنس کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ تھا بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر میں این او سیز کا حصول ، ایس ای سی پی، گیپکو، ایس این جی پی ایل، پی ٹی سی ایل، انڈسٹریز/ رجسٹرار آف فرمز، منسٹری آف کلائمیٹ چینج ، ماحولیات، بوائلر انسپکٹرز، محکمہ محنت، لوکل گورنمنٹ (میونسپلٹیز)، سول ڈیفنس، پنجاب لینڈ ریکارڈ، محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اور بہت سے دوسرے محکمہ جات شامل کئے ہیں جو ایک ہی چھت تلے بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کریں گے ۔ انہوں نے بتایا کہ بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر میں پنجاب کے چھ بڑے چیمبرز صدور کو بورڈ میں شامل کرنا حکومت پنجاب کا بہترین فیصلہ ہے امید ہے مستقبل میں بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر کے قیام سے بزنس کمیونٹی کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل ہو جائیں گے ۔ بزنس کمیونٹی کا قیمتی وقت بچے گا اور وہ اپنے کاروبار کو زیادہ وقت بھی دے سکیں گے ۔ اس موقع پر انہوں نے ون ونڈو کے تحت بزنس کمیونٹی میں وہ تمام فائل بھی تقسیم کیں جن کے متعلق کاروباری مسائل درپیش تھے ۔